بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تاریخ وتعارف ریاض الجنتہ

مسجد نبوی شریف میں باب جبرائیل سے داخل ہوں تو تھوڑے فاصلے پر بائیں ہاتھ روضہ اطہر اور منبر رسول ﷺ کے درمیان واقع زمین کا ٹکڑا ریاض الجنتہ کہلاتا ہے۔ اس کی لمبائی بائیس میٹر اور چوڑائی پندرہ میٹر ہے۔ ریاض الجنتہ کا مطلب ہے جنت کا باغ یوں تو پوری مسجد نبوی خیر و برکت کا خزانہ ہے مگر یہ خاص ٹکڑا اس خزانہ کا انمول حصہ ہے۔ اسے ریاض الجنتہ کا لقب خود حضور ﷺ نے عطا فرمایا۔ ارشاد فرمایا۔

مابین بیتی و منبری روضته من ریاض الجنته

میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان کی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔ جنت کا باغ ہونے کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ یہ جنت کا ایک شاداب ٹکڑا ہے جسے سرزمین فردوس سے زمین پر منتقل کیا گیا ہے۔ جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے حجر اسود زمین پر منتقل کیا گیا تھا یا پھر اس کا یہ معنی ہے کہ قیامت کے روز اسے یہاں سے اٹھا کر جنت میں پہنچا دیا جائے گا اور اس کا وہ حسن نمایاں کر دیا جائے گا جو اب ظاہر بین آنکھوں سے پوشیدہ ہے۔ اس قطعہ مبارک کے آٹھ ستون بعض برکات و خصوصیات کی وجہ سے مشہور ہیں۔

۱ ستون حنانہ

یہ ستون محراب النبی ﷺ کی پشت کے ساتھ ملا ہوا ہے۔ اس جگہ کھجور کا ایک خشک تنا گڑا ہوا تھا جس کو تھام کر حضور اکرم ﷺ وعظ فرمایا کرتے تھے جب آپ ﷺ کے لئے منبر تیار ہوا اور آپ ﷺ نے اس پر بیٹھ کر خطبہ ارشاد فرمایا تو یہ تنا تاب فرقت نہ لاتے ہوئے آہ و بکا کرنے لگا۔ حضور ﷺ منبر سے نیچے تشریف لائے اس پر دست شفقت رکھا تو اس کا رونا بند ہوا۔ یہ تنا اسی جگہ مدفون ہے۔

۲ ستون عائشہؓ

اسے ستون قرعہ کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ حضور ﷺ نے ایک بار ارشاد فرمایا کہ اس ستون کے پاس ایک زمین کا ٹکڑا ایسا ہے کہ اگر میں اس کو ظاہر کر دوں تو (وہاں اتنا ہجوم ہو جائے کہ) وہاں نماز پڑھنے کے لئے قرعے پڑنے لگیں۔ کہتے ہیں حضرت عائشہؓ کو وہ جگہ معلوم تھی اور آپؓ نے اپنے بھانجے ابن زبیرؓ کو بتائی تھی جب دیگر صحابہ کرامؓ نے ان کو دیکھا تو وہ ستون سے ذرا دائیں ہٹ کر نماز پڑھ رہے تھے۔

۳ ستون ابی لبابہؓ

اس کا دوسرا نام ستون توبہ ہے۔ ستون عائشہؓ کے بائیں طرف ہے۔ ایک صحابی حضرت ابو لبابہؓ نے اپنی کسی لغزش کی بنا پر اپنے آپ کو ستون سے باندھ کر قسم کھائی تھی کہ جب تک حضور ﷺ اپنے دست مبارک سے نہ کھولیں گے بندھا رہوں گا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی غلطی معاف فرما دی تو حضور ﷺ نے تشریف لا کر ان کو کھول دیا۔

۴ ستون سریر

سریر چارپائی کو کہتے ہیں۔ حضور ﷺ اعتکاف کے لئے مسجد میں قیام فرماتے تو اسی جگہ چارپائی بچھاتے۔

۵ ستون حرس

حرس کا معنی پہرہ، نگرانی یا حفاظت ہے۔ آیت حفاظت نازل ہونے سے پہلے اس جگہ صحابہ کرام کھڑے ہو کر حضور ﷺ کا حفاظتی پہرہ دیا کرتے تھے۔ حضرت علیؓ نے بھی یہ خدمات انجام دی اس لئے بعض لوگ اس کو ستون علیؓ بھی کہتے ہیں۔

۶ ستون وفود

یہ وہ مقام ہے جہاں باہر سے آنے والے وفود سے حضور ﷺ ملاقات و گفتگو فرمایا کرتے تھے۔

۷ ستون تہجد

یہ وہ جگہ ہے جہاں حضور اکرم ﷺ تہجد ادا فرمایا کرتے تھے۔ یہ جگہ صفہ شریف کے بالکل سامنے قبلہ کی سمت ہے۔

۸ ستون جبرائیل

یہ وہ مقام ہے جہاں آپ ﷺ کی جبرائیل سے ملاقات ہوتی تھی۔ وصال سے قبل رمضان المبارک میں حضور ﷺ نے جبرائیل علیہ السلام کے ساتھ قرآن کا دور بھی اسی جگہ فرمایا تھا۔

محراب و منبر

ریاض الجنتہ میں ترکوں کی بنائی ہوئی ایک محراب ہے اس پر محراب النبی ﷺ لکھا ہے۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ یہاں کھڑے ہو کر حضور ﷺ امامت فرماتے تھے مگر یہ صحیح نہیں۔ اس محراب کا دایاں ستون ہے جسکے اوپر لکھا ہے۔

هذا مصلی النبی ﷺ دراصل حضور ﷺ کے امامت فرمانے کی جگہ یہی ہے۔ ریاض الجنتہ کے دائیں کنارے پر منبر ہے۔ یہ منبر بھی ترکوں کا بنایا ہوا ہے۔ یہ منبر اسی اصل جگہ پر ہے جہاں حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں آپ کا منبر تھا۔ اسی منبر کے سامنے اونچائی پر مندنہ بنا ہوا ہے جہاں سے اذان تکبیر کہی جاتی تھی۔ کہتے ہیں کہ یہ وہی جگہ ہے جہاں خطبہ کے وقت حضرت بلالؓ اذان دیتے تھے۔

جامع مسجد ریاض الجنتہ

ریاض الجنتہ کی تاریخی حیثیت اور اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اور اس بات پر فخر کرتے ہوئے کہ ہم مسلمان ہیں اور ہماری نسبت آقائے نامدار سرکار دو جہاں حضرت محمد ﷺ کے ساتھ ہے۔ اسی نسبت سے زیر تعمیر جامع مسجد کا نام ریاض الجنتہ رکھا گیا ہے۔

آپ سب بھائیوں سے استدعا ہے کہ دعا فرمائیں کہ جامع مسجد ریاض الجنتہ کی نسبت ریاض الجنتہ مسجد نبوی شریف ﷺ سے قائم و دائم ہو جائے **آمین**

جامع مسجد ریاض الجنتہ کے اغراض ومقاصد

دینی فرائض

- نماز پنجگانہ اور نماز جمعہ کا انتظام
- نماز عیدین کا انتظام
- خواتین کے لیے نماز تراویح اور عیدین کی نماز کا باپردہ انتظام
- مردوں کے لیے اعتکاف کا انتظام
- نماز جنازہ اور جنازہ گاہ کا انتظام
- نکاح رجسٹرار کا انتظام
- قرآن پاک حفظ و ناظرہ کی تعلیم بشمول قرآن پاک آن لائن کی تعلیمات کا انتظام
- قرآن پاک کی تفسیر اور روزانہ درس قرآن کا اہتمام
- حدیث، فقہ اور دیگر دینی مسائل کے حل کا انتظام
- حج اور عمرہ اور زیارات پر جانے والے بہن اور بھائیوں کا مکمل تربیتی کورس
- حج عمرہ اور زیارات پر جانے کا معقول انتظام
- اسلامی لائبریری کا قیام جو کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کی جدید سہولتوں سے آراستہ ہوگی
- اسلامک سٹڈیز انسٹیٹیوٹ کا قیام منسلک بین الاقوامی اسلامک یونیورسٹی
- شعبہ نشر و اشاعت کا قیام
- ہر سال اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

طبی فرائض

- طب نبوی سے علاج
- روحانی علاج
- فری فیملی ہیلتھ کیئر یونٹ اور ہسپتال کا قیام
- تمام بیماریوں کے حفاظتی ٹیکوں کا انتظام
- ابتدائی طبی امداد اور شہری دفاع کے تربیتی کورس کا انعقاد
- بی۔ای۔ایم۔ایس کورس منسلک ہمدرد یونیورسٹی
- ابتدائی اور ایڈوانس لائف سپورٹ کورس
- فری ایمبولینس سروس کا انتظام
- معذور افراد کیلئے ہیسا گھی، وہیل چیئر اور مصنوعی اعضاء کا انتظام
- صاف پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے اقدامات
- ہومیو پیتھک و یونانی طریقہ علاج

معاشرتی فرائض

- مستحق خواتین کیلئے سلائی مشین کی فراہمی
- مستحق اور یتیم بچیوں کی شادی کے انتظامات
- حصول روزگار کیلئے معاونت
- سیکنڈری تک فری تعلیم کا انتظام
- ابتدائی طبی امداد اور شہری دفاع کے تربیتی کورس کا انعقاد تاکہ کسی بھی شخص کی بروقت جان بچائی جا سکے
- پینے کے لیے ٹھنڈے پانی کا انتظام
- مسافروں کے لیے کھانے کا انتظام
- رشتوں کے مسائل، ازدواجی بندھن کیلئے معقول اور مناسب ہم پلہ رشتوں کا انتظام
- مختلف ٹیکنیکل کورسز اور ووکیشنل انسٹیٹیوٹ کی سہولیات

متولی جامع مسجد ریاض الجنتہ واسلامک سنٹر ڈاکٹر سہیل مجید شیخ کا

خصوصی پیغام

میری زندگی کا مقصد تیرے دین کی سرفرازی
میں اسی لیئے مسلماں میں اسی لیئے نمازی

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

میں اس بات پر جتنا بھی فخر کروں وہ کم ہے اور رب کائنات کا جتنا بھی شکر بجا لاؤں وہ اس بات کا احاطہ نہیں کر سکتا کہ مجھ جیسے ناچیز بندے کو مسجد بنانے جیسی عظیم ترین اور بیخبری خدمت عطاء ہوئی۔ یہ اس رب ذوالجلال والاکرام کی خاص الخاص عنائت اور سرکار دو عالم حضرت محمد ﷺ کی نظر عنایت کے طفیل ہی ممکن ہوا۔ میں آپ سب مسلمان بہنوں اور بھائیوں سے ملتمس ہوں کہ مجھے اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں تا کہ میں اپنے ذمے اس عطاء کیئے ہوئے فرض کو انتہائی ایمانداری، خوش اسلوبی، اور بطریق احسن مکمل کر سکوں۔

میرے نزدیک تمام مساجد اللہ تعالیٰ کے وہ گھر ہیں جہاں سے رشد و ہدایت اور انسانی فلاح کی وہ شمعیں روشن ہوتی ہیں جو دنیا میں کسی بھی سربراہ مملکت کے ایوانوں سے ممکن نہیں۔ سرکار دو عالم ﷺ کا اصل مرکزی دفتر اور رشد و ہدایت کا وہ پیغام جو اس ارض کے کونے کونے میں پھیلا، آپ کے وفود سے ملاقات

کی جگہ، آپ کی کچہری، غرض یہ کہ دنیا کا ہر وہ نظام جس کیلئے بے شمار دفاتر چاہیے ہوتے ہیں اور ایوانوں اور محلوں کی نوبت آ جاتی ہے، دنیا کے سب سے بڑے لیڈر پیغمبر آخر زماں سرکار دو جہاں ﷺ کا اوڑھنا بچھونا سب کچھ مسجد ہی تھی جس کا نام ہم سب جانتے ہیں اور وہ مسجد نبوی شریف ﷺ ہے۔

جامعہ ہذا کا نام ریاض الجنتہ ایسے ہی نہیں رکھا گیا یہ سرکار دو عالم ﷺ کی خاص الخاص عنایت ہے۔ جو میرے والد گرامی کو بالخصوص عطاء ہوئی اور اسی کرم سے یہ ریاض الجنتہ بن گئی یعنی زمین کا وہ ٹکڑا جو جنت کا حصہ ہو۔ میں اس مسجد کے منبر سے رشد و ہدایت اور فلاح انسانیت کی وہ شمعیں روشن کرنے کی کوشش میں ہوں (از راہ کرم مسجد کے اغراض و مقاصد پر دوبارہ نظر ڈالیے) جو آقاء دو جہاں سرکار دو عالم ﷺ نے مسجد نبوی شریف ﷺ سے جاری فرمائیں۔ آیئے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑیں اور شمع سے شمع جلاتے چلیں تا کہ ہم منزل مقصود کے جلد از جلد قریب تر ہو جائیں۔

میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

ایک بہت عظیم روایت کو بیان کرنا ضروری سمجھتا ہوں حضرت خلیفہ مامون الرشیدؒ کو ایک بار شہر کے لوگوں نے ایک مسجد بنانے کی درخواست کی آپ نے وہ جگہ دیکھی اور انتہائی پسند فرمائی اور کہا کہ اس جگہ مسجد تعمیر ہو گی اور کوئی بشر اسمیں حصہ نہیں ڈالے گا۔ اس علاقے میں انتہائی بوڑھی اور غریب عورت رہائش پذیر تھی اس نے خلیفہ کا پیغام سننے کے بعد یہ کہا کہ اللہ کے گھر میں کوئی کسی کو کچھ لگانے سے روک نہیں سکتا۔ اس نے اپنی تمام جمع پونجی بیچی اور صرف ایک اینٹ وہ خرید سکی جو خلیفہ اس مسجد پر لگا رہا تھا اور رات کے اندھیرے میں وہ اینٹ ان اینٹوں میں رکھ دی گئی۔ جب مسجد مکمل ہو گئی تو خلیفہ کو فرشتے نے خواب میں دو محلات کی چابیاں پیش کیں۔ استفسار پر بتایا گیا کہ ایک محل تو آپ کی مسجد بنانے کی کاوش میں آپ کو عطاء ہوا ہے اور دوسری چابی اس بوڑھی عورت کی ہے جس کی ایک اینٹ اس مسجد میں لگ چکی ہے۔ میں آپ سب سے اس بات کی روشنی میں اپیل کروں گا کہ اپنا حصہ جسقدر بھی ممکن ہو اس کار خیر میں ڈالیں کیونکہ میں بحیثیت ایک ادنیٰ انسان یہ نہیں کہہ سکتا کہ اللہ تعالیٰ کے اس عظیم کام میں مجھے کسی معاون کی ضرورت نہیں۔ آیئے میرے معاون بنئے اور اپنا اپنا ثواب سمیٹتے جائیں۔ بے شک وہ پاک ذات نیتوں کو جانتی ہے اور اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

مساجد کعبہ کی شاخیں ہیں۔ روز قیامت سفید اونٹوں کی شکل میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کی جائیں گی اور اصرار کریں گی کہ ہمیں بنانے والے اور ہمیں آباد کرنے والے ہمارے ساتھ جنت میں جائیں گے۔ یہ سوچنے کا مقام ہے دنیا میں انسان چھوٹے اور بڑے ہوتے ہیں لیکن مرنے کے بعد ہر انسان کی قبر برابر ہوتی ہے۔ صرف اس کے نیک اعمال ہیں جو اس کے ساتھ جاتے ہیں اور اس کو بڑا اور چھوٹا کرتے ہیں۔

مسجد کا وہ ماڈل جو بروشر کے شروع میں آپ نے دیکھا یہ اس کا حقیقی ڈیزائن ہے اور ایک بہت بڑا اور خوبصورت پروجیکٹ ہے اور ایک عظیم الشان اسلامی مرکز قائم ہونے جا رہا ہے۔ اسی نقشہ کے تحت یہ مسجد مبارک تیار ہو رہی ہے۔ میری سوچ میں ایک بات آتی ہے کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ ہمارے گھر مسجد سے زیادہ خوبصورت ہوں۔ مسجدوں کو گھروں سے زیادہ بلکہ بہت زیادہ خوبصورت ہونا چاہیے۔ یہ تحفہ اللہ کی بارگاہ میں پیش کرنا ہے تو تحفہ انتہائی خوبصورت ہونا چاہیے۔ اور بے شک اللہ جمیل ہے اور جمال کو پسند فرماتا ہے۔ میں آپ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لینے کا آرزومند ہوں۔

داغ سجود اگر تیری جبیں پر ہوا تو کیا
کوئی ایسا سجدہ بھی کر کہ زمیں پر نشاں رہ جائے

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو آمین

ممبران انتظامیہ جامع مسجد ریاض الجنتہ

ڈاکٹر سہیل مجید شیخ (صدر)
راجہ محمد لطیف (نائب صدر)
رانا ناصر علی (جنرل سیکرٹری)
محمد فیروز الدین قادری (جوائنٹ سیکرٹری)
ڈاکٹر سیف الحق (سیکرٹری فنانس)

مشاورتی کونسل جامع مسجد ریاض الجنتہ

شیخ عبدالمجید — پیر جمیل الرحمٰن عیدگاہ شریف — ملک اعجاز اشرف
حاجی عبدالوحید — حاجی محمد اشرف — حاجی نثار احمد
ڈاکٹر شوکت محمود — طارق مجید شیخ — شاہد امین شیخ

معاونین خصوصی جامع مسجد ریاض الجنتہ

قاضی سعید احمد (ایڈمنسٹریٹر و انچارج شعبہ نشر و اشاعت 0332-5038599)
ڈاکٹر محمد زین سہیل (انچارج شعبہ فیملی ہیلتھ کیئر 0342-5070929)
مفتی غلام مرتضیٰ ساجد الکی (سینئر خطیب و پرنسپل شعبہ اسلامک ایجوکیشن ,051-5122365)
علامہ محمد صدیق سعدی (خطیب و انچارج حج، عمرہ و زیارات سروسز 0300-5007127,051-5122365)
محمد اشتیاق قریشی (آفیسر انچارج شعبہ ازدواجی بندھن 051-5122365)
محمد شاہ عالم (نائب شعبہ ازدواجی بندھن 051-5122365)
شعبہ قرآن آن لائن (051-2516138(v), 051-5122364, 0341-5225867)

الداعی الی الخیر
طالب دعا متولی و خادم مسجد

ڈاکٹر سہیل مجید شیخ

ہم وطن بہنوں اور بھائیوں سے التماس ہے کہ اس نیک کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے عطیات مندرجہ ذیل مسجد کے اکاؤنٹ میں جمع کروائیں۔ نیز آپ اپنے عطیات تعمیراتی سامان کی صورت میں مسجد کے مندرجہ ذیل پتے پر بھی جمع کروا سکتے ہیں تبھی دورہ جاتی اطمینان کیلئے سائٹ آفس بکثرت تشریف لائیں۔ شکریہ

جامع مسجد ریاض الجنتہ
A/C No. 1216-6
MCB BANK LTD.
CMH BRANCH, RAWALPINDI
(For Expatriates)
08460101001216-6
(Swift Code)
MUCBPKKA
MCB BANK LTD.
CMH BRANCH, RAWALPINDI

اسلم شہید روڈ آف تلسہ روڈ لالہ زار راولپنڈی
فون نمبر 051-5122364-5, 051-4411267
موبائل نمبر 0300-5007127, 0300-8542445
E-mail: jamiariazuljannah@hotmail.com